SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**February 9, 2017**
**For immediate release**

ایس ای سی پی اور پی ایس ایکس نے سرمایہ کاروں کے ساتھ فراڈ کے مرتکب بروکر ایم آر سکیورٹیز کے خلاف انکوائری کا آغاز کر دیا

اسلام آباد، ۹ فروری: ایس ای سی پی نے لاہور کے بروکر کی جانب سے سرمایہ کاروں کے ساتھ فراڈ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ دھوکہ دہی کے ایسے واقعات کا تدارک کرنے کے لئے ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی نے پی ایس ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس طلب کیا اور کہا کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن اس طرح کی سرگرمیاں قطعاً برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے پی ایس ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز پر زور دیا کہ معاملے کی شفاف اور فی الفور تحقیقات کی جائیں اور جائزہ لیا جائے کہ آیا پی ایس ایکس کے عہدیدار غفلت کے مرتکب تو نہیں ہوئے۔

پی ایس ایکس کے ڈائریکٹروں نے چیئرمین ایس ای سی پی کو یقین دلایا کہ اس ضمن میں حقائق کی تہہ تک پہنچنے کے لئے فوری کارروائی شروع کر دی گئی ہے اور اگر پی ایس ایکس کا کوئی ملازم یا افسر غفلت کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ پی ایس ایکس بورڈ نے ایس ای سی پی کو یقین دلایا کہ اس معاملے میں رپورٹ سوموار ۱۳ فروری تک مکمل کر لی جائے گی اور پیش رفت سے فوری طور پر ایس ای سی پی کو آگاہ کر دیا جائے گا۔ جس کے بعد ایس ای سی پی اور پی ایس ایکس مل کر فیصلہ کن قدم اٹھائیں گے۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے پی ایس ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز پر واضح کیا کہ سرمایہ کاروں کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے۔ سٹاک بروکروں کی جانب سے مارکیٹ کو بدنام کرنے والی ایسی حرکات قطعاً برداشت نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں پی ایس ایکس اگر اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں ناکام رہتی ہے تو اعلیٰ ترین ریگولیٹر کی حیثیت سے ایس ای سی پی سخت قدم اٹھانے سے گریز نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا سرمایہ کاروں کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا۔ انہوں نے سٹاک بروکروں کے آڈیٹروں کی جانب سے خطرے کی نشاندہی نہ کر سکنے پر بھی شدید مایوسی ظاہر کی۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے پی ایس ایکس کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں کہ تمام متاثرین کو فوری طور پر اخبارات کے ذریعے مطلع کیا جائے نیز انہیں اپنے دعوے دائر کرنے کے طریقِ کار کے بارے میں بھی آگاہ کیا جائے۔

دریں اثنا ایس ای سی پی کی ٹیم متعلقہ بروکر کے لاہور، ساہیوال، ملتان اور بہاولپور میں واقع دفاتر کا ڈیٹا اکٹھا کر رہی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254